SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ ۱۹۹۵

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1995

سندھ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۵

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1995

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Ordinance VI of 1972

۳۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance VI of 1972

۴۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

۵۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کے شیڈول کی ترمیم
Amendment of Schedule to Sindh Ordinance VI of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ ۱۹۹۵

SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1995

سندھ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۵

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1995

[۱۰ دسمبر ۱۹۹۵]

آرڈیننس جس کے توسط سے سندھ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے

کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۵ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Ordinance VI of 1972

۲۔ سندھ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ کی شق (U) میں، الفاظ "سکھر میں بورڈ" کے لیئے الفاظ "سکھر اور لاڑکانہ میں بورڈ" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance VI of 1972

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

(i) شق (b) میں، آخر میں آنے والے لفظ "اور" کو ختم کیا جائے گا۔

(ii) شق (c) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "اور" سے تبدیل کیا جائے گا؛

(iii) شق (c) کے بعد، مندرجہ ذیل شق (d) شامل کی جائے گی:

"(d) لاڑکانہ میں ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ لاڑکانہ کے نام سے بورڈ ہو گا۔"۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of section 4 of Sindh

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (iii) میں:

(i) ذیلی شق (c) میں، آخر میں آنے والے لفظ "اور" کو ختم کیا جائے گا؛

(ii) شق (d) میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "اور"

Ordinance VI of 1972

سے تبدیل کیا جائے گا؛

(iii) شق (d) کے بعد، مندرجہ ذیل ذیلی شق (e) شامل کی جائے گی:

"(e) بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاڑکانہ، ڈائریکٹر سیکنڈری ایجوکیشن اور کالیجز ایجوکیشن۔"۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کے شیڈول کی ترمیم

Amendment of Schedule to Sindh Ordinance VI of 1972

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول میں، لفظ "سکھر" جہاں بھی آئے الفاظ "سکھر یا لاڑکانہ" سے تبدیل کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔